Home Connection

بچوں کو نامناسب چھونے سے
محفوظ رکھنا

عزیزوالد/ والدہ یا سرپرست:

طلباء مختلف حالات میں اچھے(مناسب) اور برے(نامناسب) چھونے کے بارے میں سیکھ رہے ہیں۔ اگرچہ یہ ایک بہت مشکل موضوع ہے، یہ گفتگو بچوں کی خفاظت کے لیئے بہت اہمیت کی حامل ہے۔ ماہرین نے اندازہ لگایا ہے کہ 4 لڑکیوں میں سے 1، 7 لڑکوں میں سے 1، اور تمام بچوں میں سے 15 سے 25 فیصد بچے شائد جنسی تشدد کا نشانہ بنے ہوں۔ افسوس کے ساتھ، زیادہ تر تشدد کرنے والے اجنبی نہیں، بلکہ وہ لوگ ہیں جنہیں بچے جانتے ہیں۔ وہ رشتےدار، دوست، یا نگران بھی ہوسکتے ہیں۔

صحت کی کلاس میں، بچوں کو یہ سکھایا گیا کہ، انکے جسم کے وہ حصے جو نہانے کے کپڑوں یا زیر جامہ سے ڈھکے ہوتے ہیں، صرف انکے والدین، ڈاکٹر یا نرس چھو سکتے ہیں۔ ہم نے انکی اچھے اور برے چھونے کی پہچان کرنے میں مدد کی ہے۔ اگلے سبق میں، ہم بچوں کو یہ سکھائیں گے کہ اگر کوئ انہیں غیرمناسب طریقے یا جگہ پر چھوئے تو انہیں کیسے جواب دینا چاہیئے۔ بچے نا کہنے، صورتحال سے الگ ہوجانے، اور کسی بھروسہ مند بالغ کو کیا ہوا کے بارے میں بتانے کے بارے میں سیکھیں گے۔

اگر بچوں کو یہ لگے کہ انہیں نامناسب طریقے سے چھوا جارہا ہےتو انہیں نا کہنے کے لیئے با اختیار محسوس کرنا چاہیئے۔ جو بچہ آپکو نامناسب چھونے یا جنسی تشدد کے بارے میں بتائے اسے آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔ آپ ایسا کچھ کہ سکتے ہیں جیسے کہ، " مجھے معلوم ہے کہ آپکو جو ہوا اس کے بارے میں مجھے بتانے میں مشکل پیش آئ ہو گی۔ میں آپکو یہ بتانا چاہتی/ چاہتا ہوں کہ اس میں آپ کی کوئ غلطی نہیں تھی۔ میں آپکا خیال رکھوں گی/ گا اور مدد کروں گی/ گا"۔ بچے کو اس بات کا یقین دلائیں کہ بتانا بلکل ٹھیک طریقہ ہے۔

اگر آپ کسی ایسے بچے کو جانتے ہیں جسے غلط انداز میں چھوا گیا ہو یا کوئ جنسی زیادتی کی گئ ہو ، تو فیرفیکس کاؤنٹی چائلڈ پروٹیکٹو سروسز کی ہاٹ لائن،324-7400 (703) پر رابطہ کریں۔ آپ کسی بھی وقت فون کرسکتے ہیں، دن یا رات۔ چائلڈ پروٹیکٹو سروسز کے سماجی کارکن، جو بچے تشدد کا نشانہ بنے ہیں، کی مدد کرنے کے لیئے تربیت یافتہ ہیں۔

اپنے بچے کو اس موضوع کے بارے میں کوئ بھی سوال کرنے کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیئے اس کی حوصلہ افزآئ کریں۔

آپ کا شکریہ،

آپ کے بچے کی/ کا ٹیچر